# مسبوق بقیہ نماز میں رکعتوں کی تعداد بھول گیا، پھر ساتھ والے کو دیکھ کر نماز مکمل کی، تو کیا حکم ہے؟

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

جماعت میں شامل ہونے سے پہلے کچھ رکعتیں نکل گئیں، جب اپنی بقیہ رکعتیں پڑھنے کھڑے ہوئے تو بھول گئے کہ کتنی رکعتیں تھیں، پھر ساتھ والے نے جتنی رکعتیں پڑھیں، اسی کے مطابق ہم نے بھی پڑھ لیں، تو کیا نماز ہوگئی؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

اگر دونوں ایک ہی رکعت میں شامل تھے اور بلا نیتِ اقتداء اسے دیکھ کر اپنی نماز مکمل کرلی تو نماز ہوگئی۔

صدر الشریعہ مفتی امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "دو مسبوقوں نے ایک ہی رکعت میں امام کی اقتدا کی، پھر جب اپنی پڑھنے لگے تو ایک کو اپنی رکعتیں یاد نہ رہیں، دوسرے کو دیکھ دیکھ کر جتنی اس نے پڑھی، اس نے بھی پڑھی، اگر اس کی اقتدا کی نیت نہ کی، ہوگئی۔" (بہارِ شریعت، جلد1، صفحہ592، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُه اَعْلَم صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا عابد عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** Web-2164

**تاریخ اجراء:** 09شعبان المعظم1446ھ/08فروری2025ء


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net